
# تعارفِ اُردو

## پانچویں جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔


(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی و اصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی و کامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔



محکمۂ تعلیمات سے منظور شدہ تحت نمبر
پر۔ش۔س/ ۲۰۱۴-۱۵ء/۴۰۹۳/ ہ/ بھاشا/ منظوری/ ڈی-۵۰۵/۱۳۸۴/ ۲۵/ مارچ ۲۰۱۵ء

# تعارفِ اُردو

## پانچویں جماعت

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن :
۲۰۱۵ء (2015)
چھٹا جدید ایڈیشن :
۲۰۲۱ء (2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴
نئے نصاب کے مطابق مجلسِ ادارت اور مجلسِ عاملہ نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

## پیش لفظ

بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کے حق کا قانون ۲۰۰۹ء اور درسیات کا قومی خاکہ ۲۰۰۵ء کو مدنظر رکھ کر ریاست مہاراشٹر میں پرائمری تعلیم کا نصاب ۲۰۱۲ء تیار کیا گیا ہے۔ ادارہ بال بھارتی نے تعلیمی سال ۲۰۱۵ء میں حکومت مہاراشٹر کے منظور کردہ اس نصاب پر مبنی غیر اُردو میڈیم کی پانچویں جماعت کے لیے 'تعارفِ اُردو' کے نام سے زبان دانی کی کمپوزٹ کتاب (۵۰ مارکس) تیار کی ہے۔ اس کتاب کو پیش کرتے ہوئے ہمیں بے حد مسرت ہو رہی ہے۔

توقع ہے کہ یہ کتاب طلبہ میں اُردو زبان سمجھنے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے سے دلچسپی پیدا کرے گی۔ اسی کے ساتھ طلبہ کی گفتگو اور زبان دانی کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ کچھ حد تک قواعد کی معلومات بھی انھیں حاصل ہوگی۔ نیز اُردو زبان سیکھنے کے بعد ان میں مادری زبان کے تعلق سے اُنسیت پیدا ہوگی۔

اُردو سیکھنے کے لیے کتاب کے مواد کو 'آیئے، سیکھیں'، 'آیئے، پڑھیں اور لکھیں' وغیرہ سرگرمیوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان کا مقصد طلبہ کو مسرت بخش تعلیم کی طرف آمادہ کرنا ہے۔ کتاب میں شامل نظموں اور کہانیوں کو پڑھ کر طلبہ اُردو زبان کی چاشنی کو محسوس کریں گے۔

بچوں کی ذہنی عمر اور زبان دانی کی صلاحیت کے پیشِ نظر نئی زبان سیکھنے کی طرف راغب کرنے کے لیے کتاب میں اُردو زبان کی ضروری ابتدائی معلومات دی گئی ہے۔ نیز تصویروں کے ذریعے اسے دلچسپ بنایا گیا ہے۔

اس کتاب کو خامیوں سے پاک رکھنے اور مفید سے مفید تر بنانے کے لیے اس کا مسودہ مہاراشٹر کے مختلف علاقوں کے منتخب اساتذہ، ماہرینِ تعلیم اور ماہرینِ زبان کی خدمت میں تبصرے کے لیے پیش کیا گیا تھا۔ ان کے مفید مشوروں اور تجاویز کی روشنی میں مسودے میں ضروری ترمیم کر کے کتاب کو قطعی شکل دی گئی ہے۔ اِدارہ مذکورہ اساتذہ اور ماہرین کے بیش بہا مشوروں کے لیے تہِ دل سے ان کا شکر گزار ہے۔

اِدارہ اُردو لسانی کمیٹی کے ان تمام اراکین کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے جن کے ہمہ وقت تعاون سے یہ کتاب پایۂ تکمیل کو پہنچی ہے۔ نیز مصوّر، مجلسِ مشاورت اور مدعو اراکین کی محنتِ شاقہ کی بدولت ہی یہ کام تکمیل کو پہنچ سکا ہے۔ اِدارہ ان کا خصوصی طور پر ممنون ہے۔

توقع ہے کہ طلبہ، اساتذہ اور سرپرست اس کتاب کا خیر مقدم کریں گے۔

(چندرمنی بورکر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

پونہ
مورخہ: یکم اپریل ۲۰۱۵ء

**مجلسِ ادارت :**
- ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط (صدر)
- سلیم شہزاد (رکن)
- محمد حسن فاروقی (رکن)
- سرفراز آرزو (رکن)
- بیگم ریحانہ احمد (رکن)
- خان نوید الحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

**مجلسِ مشاورت :**
- احمد اقبال
- مشتاق رضا
- ڈاکٹر قمر شریف
- فاروق سیّد
- ڈاکٹر محمد اسد اللہ

**مدعوئین :**
- بشیر احمد انصاری
- سلام بن رزّاق

**Co-ordinator:**
Khan Navedul Haque Inamul Haque
Special Officer for Urdu, Balbharati

**Production:**
Sachchitanand Aphale,
Chief Production Officer
Sandeep Ajgaonkar, Prod. Officer

**D.T.P. & Layout:**
Yusra Graphics, Shop No. 5,
Anamay, 305, Somwar Peth, Pune 11

**Artist:** Shri Rajendra Girdhari
**Cover:** Asif Nisar Sayyed
**Paper:** 70 GSM Creamove
**Print Order:** N/PB/2021-22/QTY.
**Printer :** M/s

**Publisher :**
Shri Vivek Uttam Gosavi
**Controller,**
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
**ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف**، سماجی، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء** کو یہ آئین
**ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایَک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیہ وِدھاتا۔

پَنْجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگَ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ ترَنگ،

تَو شُبھ نامے جاگے، تَو شُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَو جَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# آموزشی ماحصل - اُردو (زبانِ دوم) : پانچویں جماعت

## تجویز کردہ طریقۂ تعلیم

طالب علم کو انفرادی طور پر/ جوڑی میں/ گروہی طور پر مواقع فراہم کرنا اور انھیں درج ذیل امور کی ترغیب دینا -

- اپنی زبان میں بولنے اور بحث کرنے کا بھرپور موقع دینا۔
- حرف اور لفظ کے بننے (نقطوں کی جگہ اور تعداد) کے بارے میں بتانا۔
- حرفوں کو جوڑنے کا طریقہ بتانا۔ جوڑ شکل میں صحیح طریقے سے لکھنا۔
- ی معروف اور ی مجہول لکھنے اور استعمال کا طریقہ بتانا۔
- زبر، زیر اور پیش کی آواز اور نشان کو پہچاننا۔
- ہندسے اور الفاظ کی شکل میں گنتی کرنا۔
- ہمزہ لکھنے کا طریقہ سمجھانا۔ اسے شوشہ میں ظاہر کرنا۔
- حروفِ تہجی کو یاد کرنا۔ ہکاری حروف کو سمجھنا۔
- نظم اور گیت کو ترنم اور لے سے پڑھنا۔
- نونِ غنہ کا استعمال سمجھنا۔
- قواعد سمجھنا۔ اسم، ضمیر کی وضاحت کرنا۔
- اُردو زبان میں کہی ہوئی کہانیاں/ نظمیں/ گیت/ قصے وغیرہ اپنی زبان میں سنانا۔
- تدریس کے مختلف مراحل میں مختلف مقاصد کے پیشِ نظر کہانی کے واقعات کو اپنے تجربات سے مربوط کر کے دیکھنا یا کہانی کے واقعات کو مناسب ترتیب میں رکھنا۔
- اپنی بات کہنے کے لیے موقع اور ترغیب دینا۔

## آموزشی ماحصل

طالب علم

05.18.01 مختلف مقاصد کے لیے اپنی زبان/ اسکول کی زبان کا استعمال کر کے گفتگو کرتا ہے جیسے آسان (مانوس) اور پسندیدہ نظم/ کہانی سناتا ہے، معلومات حاصل کرنے کے لیے سوالات پوچھتا، اپنے ذاتی تجربات بیان کرتا ہے۔

05.18.02 حرف کی بناوٹ پہچانتا ہے۔ نقطوں کی جگہ اور تعداد کی بھرپور مشق کرتا ہے۔

05.18.03 حرفوں کو جوڑ کر صحیح لفظ بناتا ہے۔ جوڑ شکلوں کو صحیح طریقے سے لکھتا ہے۔

05.18.04 ی معروف اور ی مجہول کو صحیح طور پر لکھتا ہے۔ دونوں کے فرق کو سمجھ کر صحیح جگہ استعمال کرتا ہے۔

05.18.05 زبر، زیر اور پیش کی صحیح آواز ادا کرتا ہے اور صحیح نشان بناتا ہے۔

05.18.06 ہندسے اور لفظوں کی شکل میں گنتی کرتا ہے۔

05.18.07 صحیح طریقے سے ہمزہ لکھتا ہے اور اسے شوشے میں ظاہر کرتا ہے۔

05.18.08 اُردو کے حروفِ تہجی کی شکلوں اور آوازوں کی شناخت کرتا ہے۔ حروفِ تہجی کو یاد کرتا ہے۔ ہکاری حروف سمجھتا ہے اور لکھنے کی مشق کرتا ہے۔

05.18.09 نظم اور گیت کو ترنم، لے اور اداکاری کے ساتھ پیش کرتا ہے۔

05.18.10 نونِ غنہ کو صحیح طور پر استعمال کرتا ہے۔

05.18.11 لکھنا سکھانے کے عمل کے دوران اپنے طور پر آڑی ترچھی لکیروں، حروف کی شکلوں، خود تیار کردہ حروف کی شکل، رسمی تحریر کے ذریعے سنے ہوئے اور ذاتی خیالات کو لکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

05.18.12 قواعد کو سمجھتا ہے۔ اسم اور ضمیر کی تعریف سمجھتا ہے۔

05.18.13 پڑھی ہوئی کہانیوں/ نظموں کے حروف/ الفاظ/ جملے وغیرہ دیکھ کر اور ان کی آواز سن کر، سمجھ کر پہچانتا ہے۔

05.18.14 اسکول کے باہر اور اسکول کے اندر، کمرۂ جماعت کے گوشۂ مطالعہ/ لائبریری سے اپنی پسندیدہ کتابوں کا خود انتخاب کر کے پڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔

05.18.15 اپنے اطراف کے چھپے ہوئے مواد کے مطلب اور مقصد کا اندازہ لگاتا ہے۔

فہرست


| | | | |
|---|---|---|---|
| * | حرُوفِ تہجّی کا تعارف (سبق ۱ تا ۱۰) | | ۱ – ۲۳ |
| ۱۱۔ | نانی کا گاؤں | | ۲۴ |
| ۱۲۔ | ابّا آئے | (نظم) | ۲۵ |
| ۱۳۔ | بیمار بچّے | | ۲۶ |
| ۱۴۔ | پیاری کیاری | (نظم) | ۲۷ |
| ۱۵۔ | حرُوف کی جوڑ شکلیں | | ۲۹ |
| ۱۶۔ | آؤ دعا مانگیں | (نظم) | ۳۰ |
| ۱۷۔ | بی بی فاطمہؓ | | ۳۱ |
| ۱۸۔ | خوددار لکڑ ہارا | | ۳۳ |
| ۱۹۔ | آہا، آہا، نکلا چاند | (نظم) | ۳۵ |
| ۲۰۔ | مکالمہ | | ۳۶ |
| ۲۱۔ | ہماری ریل | (نظم) | ۳۸ |
| ۲۲۔ | شیخ چِلّی | | ۴۰ |
| ۲۳۔ | بچّوں کا ترانہ | (نظم) | ۴۲ |